سوال

(254) مقتدی جب سبح اسم ربک الاعلیٰ سنے تو امام کے ساتھ الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقتدی جب سبح اسم ربک الاعلیٰ سنے تو امام کے ساتھ سبحان ربی الاعل یٰ پڑھے یا نہ پڑھے ۔ اسی طرح الیس اللہ باحکم الحاکمین سن کر بلیٰ وانا علی ذلک من الشاھدین پڑھے یا نہ پڑھے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں اتنا آیا ہے کہ جو کوئی الیس اللہ باحکم الحاکمین پڑھے وہ بلیٰ کہے ۔ سننے والے کی بابت میرے ناقص علم میں کوئی حکم نہیں ۔ الا واقعہ الرحمٰن پر قیاس کیا جاتا ہے جس میں زکر ہے ۔ کہ ۔ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۔ کے جواب دیئے ۔ کی حضور ﷺ نے ترغیب فرمائی تھی ۔ کہ جواب میں کہا کرو ۔ " ولا بشئ نعمک ربنا نکذب فلک الحمد " یہ تعلیم الرحمٰن کے متعلق ہے مگر قیاس کیا جاتا ہے ۔ کہ اس قسم کے اور سوالات کے جوابات دنے بھی جائز ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص449

محدث فتویٰ